New Zealand Government

The Christchurch tragedy – how we can help

سا نحہ کرائسٹ چرچ - ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں

اگر آپ سانحہ کرائسٹ چرچ کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں تو آپ کے لئے حکومت کی طرف سے مختلف قسموں کی امداد موجود ہے - چاہے آپ نے کوئی پیارا کھو دیا ہو، آپ زخمی ہوئے ہوں، آپ نے سانحہ ہوتے دیکھا ہو یا آپ متاثرہ لوگوں کی مدد کر رہے ہوں - ہم یہاں آپ کی مدد کے لئے حاضر ہیں۔

0800 779 997 پر کال کریں، سوموار سے جمعہ تک 7 بجے صبح سے 6 بجے شام تک۔ ہفتہ کے روز 8 بجے صبح سے 1 بجے دوپہر تک- (نیوزی لینڈ کے وقت کے مطابق)- اگر آپ نیوزی لینڈ کے باہر سے کال کر رہے ہیں تو **4698 466 4 64+** پر کال کریں۔

0800 Government Helpline (0800 گورمنٹ ہیلپ لائن)

آپ 997 779 0800 پر کال کر سکتے ہیں اگر آپ کو:

- مدد چاہیے
- مزید معلومات چاہیئں

اگر آپ نیوزی لینڈ کے باہرسے کال کر رہے ہیں تو 4698 466 4 64+ پر کال کریں، یہ لائن سوموار سے جمعہ تک 7 بجے صبح سے 6 بجے شام تک اور ہفتہ کے روز 8 بجے صبح سے 1 بجے دوپہر تک کھلی رہتی ہے- (نیوزی لینڈ کے وقت کے مطابق)۔

بہت سے حکومتی ادارے مالی امداد حاصل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ آپ کے لئے ادائیگی کا بندوبست ٹیلیفون کے ذریعے بھی ممکن ہے۔

چاہے آپ سمجھتے ہوں کہ آپ مالی امداد کے اہل ثابت نہیں ہوں گے تو بھی براہ مہربانی ہمیں کال کریں- بہت سے اور طریقے ہیں جن سے ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں اور ہم آپ کے لئے صحیح سمت کی نشان دہی کر سکتے ہیں -

Victim Support (متاثرہ افراد کی امداد)

Victim Support اس صورت میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں کہ آپ نے کوئی پیارا کھو دیا ہو، آپ زخمی ہوئے ہوں، آپکے خاندان کا کوئی فرد زخمی ہوا ہو یا آپ کرائسٹ چرچ حملے کے عینی شاہد ہوں۔

ہم کن لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں؟

- مرحومین کے اہل خانہ
- حملے کے بعد ہسپتال میں داخل ہونے والے اور ان کے اہل خانہ

- وہ لوگ جنہوں نے حملہ ہوتے دیکھا یا جو اس کی وجہ سے شدید متاثر ہوئے ہوں

ہماری مدد حاصل کرنے کے لئے آپ کا نیوزی لینڈ کا شہری یا رہائشی ہونا ضروری نہیں ہے-

ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

- **عملی مدد -** ایک امدادی کارکن آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی عملی مدد کر سکتا ہے (جیسے فارم بھرنے، بینک سے وابستہ معاملات، آپ کے سوالات کے جواب، اور دوسری خدمات سے رابطے میں) -
- **صدمے اور غم میں حمایت -** ایک امدادی کارکن آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی صدمے اور غم کے دوران حمایت اور مدد کر سکتا ہے-
- **مالی امداد -** 15000 $ خاندان کے ہر مرنے والے کے لئے - 5000 $ ہر اس شخص کے لئے جو ہسپتال میں داخل ہو، اور سانحہ کرائسٹ چرچ کے نتیجے میں پیش آنے والے فوری اخراجات کے لیے دوسری گرانٹس دستیاب ہیں (جیسے جنازے کے انتظامات، گھر والوں کا سفر اور رہائش کے اخراجات)-

مزید معلومات

فون: 0800 842 846
ای میل: nationaloffice@victimsupport.org.nz
www.victimsupport.org.nz

ACC (Accident Compensation Corporation)
اے سی سی (ایکسیڈنٹ کمپینسیشن کارپوریشن)

ACC حکومت کا وہ ادارہ ہے جو ان لوگوں کی اور ان کے اہل خانہ کی مدد کرتا ہے جو کسی حادثے کی وجہ سے زخمی یا جاں بحق ہو گئے ہوں- یہ مدد نیوزی لینڈ میں ہر شخص کو دستیاب ہے بشمول ان کے جو نیوزی لینڈ میں گھومنے آئے ہوں اور یہاں پر زخمی ہو گئے ہوں-

ہم کن لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں؟

- حملے میں زخمی ہونے والے، ان کے اہل خانہ اور ان کی مدد کرنے والے
- ایسے لوگ جنہوں نے اپنا کوئی پیارا کھو دیا ہو -

ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

زخمی ہونے کی صورت میں

- طبی دیکھ بھال کا خرچہ اٹھانا
- **آمدن کے نقصان کا معاوضہ:** اگر آپ زخمی ہونے کی وجہ سے کام نہ کر سکتے ہوں تو ہم آپ کی آمدن کا 80 فی صد ہفتہ وار معاوضے کے طور پر ادا کرتے ہیں-

- **گھریلو مدد:** ہم گھر کی صفائی، گھر کی دیکھ بھال اور ذاتی دیکھ بھال کے لیے مدد فراہم کر سکتے ہیں جیسے غسل کرنا اور کپڑے بدلنا -
- **بچوں کی دیکھ بھال:** یہ مدد گھر پر، پلے سینٹر میں یا کنڈرگارٹن میں دستیاب ہے- ہم زخمی ماں یا باپ کی ان کاموں میں بھی مدد کر سکتے ہیں جو وہ بچوں کے لئے خود نہ کر سکیں جیسے کپڑے پہنانا اور کپڑے دھونا -

وہ گھرانے جنہوں نے اپنا کوئی پیارا کھو دیا ہو

جنازے کے اخراجات کے لیے امداد: ہم جنازے اور میموریل کے لیے 10000 $ تک کی گرانٹ دیتے ہیں، آپ اس پر کوئی ٹیکس ادا نہیں کرتے- آپ چاہیں تو جنازہ یا میموریل نیوزی لینڈ یا کسی اور ملک میں کر سکتے ہیں -

پسماندگان کے لئے گرانٹ: وفات پانے والے کے ازدواجی پارٹنر، بچوں یا زیر کفالت لوگوں کو (ان لوگوں کو جن کا مالی انحصار وفات پانے والے پر تھا) ایک یکمشت رقم مل سکتی ہے- ہم یہ رقم ادا کرتے ہیں:

- 6668 $ بیوی/شوہر یا ازدواجی پارٹنر کو
- 3334 $ 18 سال سے کم عمر کے ہر بچے یا زیر کفالت فرد کو- اگر بچہ یا زیر کفالت فرد 16 سال سے کم عمر کا ہے تو یہ رقم والد/والدہ یا بچے کی دیکھ بھال کرنے والے کو ملے گی- اس پر آپ کوئی ٹیکس ادا نہیں کرتے -

نیوزی لینڈ میں بچوں کے لئے مسلسل مدد: اگر مرحوم کے بچے ہیں تو خاندان والے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے 5 سال تک یا جب تک بچہ 14 سال کا نہیں ہو جاتا، ہفتہ وار ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں- رقم کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ 14 سال سے کم عمر کے کتنے بچوں کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے- آپ ان رقوم پر کوئی ٹیکس ادا نہیں کرتے لیکن اگر آپ Work and Income سے مدد لے رہے ہیں تو وہ متاثر ہو سکتی ہے - اگر بچہ معذور ہے تو ہم ادائیگی زیادہ دیر تک جاری رکھ سکتے ہیں -

خاندانوں کے لئے ہفتہ وار معاوضہ: اگر مرحوم وفات سے پہلے نیوزی لینڈ میں آمدن کما رہا تھا تو آپ کے لئے اپنے خاندان کی کفالت کی خاطر اس آمدن کے نقصان کا معاوضہ حاصل کرنا ممکن ہے- - جو مرحوم کماتا تھا، ہم اس کا 80 فی صد تک ادا کرتے ہیں - یہ رقم مرحوم کے شریک حیات یا ازدواجی پارٹنر،اور بچوں کے لئے دستیاب ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ مرحوم کی آمدن پر انحصار رکھنے والے اسکے والدین یا دوسرے رشتہ داروں کے لئے بھی دستیاب ہو- اگر کوئی زیر کفالت فرد نیوزی لینڈ سے باہر رہتا ہے تو بھی وہ رقم حاصل کر سکتا ہے- ادائیگی لوگوں کے حالات پر منحصر ہے -

مزید معلومات

فون: 0800 080 273

ای میل: christchurchresponse@acc.co.nz

www.acc.co.nz

کاؤنسلنگ (ماہرانہ مشورہ) - اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہیں

Helpline (ہیلپ لائن)

کوئی بھی شخص 1737 پر (موبائل سے) کال یا ٹیکسٹ کرسکتا ہے اور تربیت یافتہ کاؤنسلر سے بات کر سکتا ہے - آپ لینڈ لائن فون سے بھی 1737 1737 0800 پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ مفت 24 گھنٹے کی سروس ہے۔

ڈاکٹر سے ملاقات

اگر آپ نیوزی لینڈ کے شہری یا رہائشی ہیں تو آپ مقامی ڈاکٹر سے بھی مل سکتے ہیں- اسکی فیس ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کسی اور ملک سے آ رہے ہیں تو سفری انشورنس والوں سے معلوم کریں، ہو سکتا ہے ڈاکٹر سے ملاقات انشورنس میں شامل ہو -

Work and Income (تلاش ملازمت اور ذریعہ آمدن)

Work and Income وہ حکومتی ادارہ ہے جو کم آمدن والوں یا بیروزگاروں کی مدد کرتا ہے۔ اس میں مالی امداد شامل ہے جیسے JobSeeker Support (روزگار کے متلاشی افراد کے لیے مدد) اور New Zealand Superannuation -(نیوزی لینڈ میں بڑھاپے کی پنشن)۔

ہم کن لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں؟

جو لوگ سانحہ کرائسٹ چرچ سے متاثر ہوئے ہیں یا جنہیں سانحے کی وجہ سے کرائسٹ چرچ جانا پڑ رہا ہے۔ آپ کا بینیفٹ پر ہونا ضروری نہیں ہے -

ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

فوری یا غیر متوقع اخراجات کی ادائیگی

ممکن ہے ہم کچھ فوری اور بنیادی ضروریات میں مدد کر سکیں جیسے:

- کھانے کی چیزیں
- بستر کا سامان
- پٹرول یا سفر کے دوسرے اخراجات، اگر آپ نیوزی لینڈ میں سفر کر رہے ہیں تو۔

Advance Payment of Benefit (پیشگی بینیفٹ رقم)

جو لوگ بینیفٹ پر ہیں اور جن کو فوری مدد کی ضرورت ہو، وہ 6 ہفتے تک کی Advance Payment of Benefit (پیشگی بینیفٹ رقم) لے سکتے ہیں۔

(ایمرجنسی بینیفٹ) Emergency Benefit

ان لوگوں کے لئے جو کسی اور امداد / بینیفٹ کے اہل نہیں ہیں -

آمد ن کا نقصان

آپ آمدن کے نقصان کی وجہ سے Civil Defence Payment (سول ڈیفنس پیمنٹ) کے حقدار ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ کے کام کی جگہ بند ہے (جیسے پولیس کے احاطے کے اندر ہے)
- کرائسٹ چرچ کے جمعہ 15 مارچ والے واقعے کی وجہ سے آپ کام تک سفر نہیں کر سکتے
- آپ کو رشتہ داروں یا whānau کے پاس رہنا پڑ رہا ہے-

اگر آپ عارضی ورک ویزے (جیسے ورک پرمٹ) پر ہوں اور آپ سانحے کے وقت ملازمت کر رہے تھے تو بھی آپ ایمرجنسی بینیفٹ کی درخواست دے سکتے ہیں-

آپ کو اپنا گھر چھوڑنا پڑا ہو

آپ کچھ اور اخراجات کے لئے بھی Civil Defence Payment (سول ڈیفنس پیمنٹ) کے حقدار ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ گھر نہیں جا سکتے کیونکہ آپ جہاں رہتے ہیں اس علاقے کا پولیس نے احاطہ کیا ہوا ہے-
- آپ دوستوں اور رشتے داروں کو رہنے کی جگہ فراہم کر رہے ہیں یا
- آپ کو کھانے، کپڑوں یا بستر وغیرہ کی ضرورت ہے کیونکہ آپ گھر نہیں جا سکتے -

مزید معلومات

www.workandincome.govt.nz

(آی آر) (اندرونی آمدنی کا محکمہ) Inland Revenue (IR)

Inland Revenue ہر فرد، خاندان اورکاروبار کے لئے ٹیکس کے بارے میں مشورہ اور امداد فراہم کرتا ہے- ہم Working for Families Tax Credits (ٹیکس نظام کے تحت گھرانوں کے لیے مدد) اور Child Support (بچوں کے اخراجات کے لیے مدد) کے لیے آپکے استحقاقات کے مطابق درست رقم کی ادائیگی یقینی بنانے میں بھی میں مدد کر سکتے ہیں-

ہم کن لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں؟

حملے کے جو متاثرین ٹیکس (ذاتی یا کاروباری ٹیکس معاملات) کے بارے میں سوالات پوچھنا چاہتے ہوں—

اس میں مندرجہ ذیل کے بارے میں معلومات کے لیے سوالات بھی شامل ہیں:

- Working for Families Tax Credits (ٹیکس نظام کے تحت گھرانوں کے لیے مدد)
- Child Support (بچوں کے اخراجات کے لیے مدد)
- Student Loans (تعلیم کس لئے قرض)
- KiwiSaver (کیوی بچت پروگرام)

ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

ہم جانتے ہیں کہ ٹیکس کے بارے میں سوالات اس وقت آپ کی سوچ کا حصہ نہیں ہوں گے- جب آپ تیار ہوں ہم آپ کو معلومات اور امداد فراہم کرنے کے لئے حاضر ہیں- براہ مہربانی**0800 473 383** پر ہمیں کال کریں، سوموار سے جمعہ تک 8 بجے صبح سے 8 بجے شام کے دوران اور ہفتے کے روز 9 بجے صبح سے 1 بجے دوپہر کے دوران کسی بھی وقت- ہم Inland Revenue کے کمیونٹی رابطہ فرد سے بھی، آپکی سہولت کے وقت پر، آپ کی ملاقات کا بندوبست بھی کر سکتے ہیں-